# یہوداہ کا عام خط

یہوداہ کی طرف سے یسوع مسیح کا خادم اور یعقوب کا بھائی۔
ان تمام لوگوں کو جنہیں خُدا نے بلایا خُدا جو باپ ہے تم سے
محبت کرتا ہے اور تم یسوع مسیح میں محفوظ ہو۔
۲ تم کو رحم سلامتی اور محبت وسعت پوری طرح ملتی ہے۔

### خُدا باپ کی طرف سے گنہگاروں کو سزا

۳عزیز دوستو! میں نے بہت چاہا کہ تُمہیں نجات کے بارے
میں لکھوں جس میں ہم سب شریک ہیں تو میں نے یہ ضروری
سمجھا کہ میں تُمہیں کچھ اور بارے میں لکھوں اور میں تُمہاری ہمّت
بڑھاؤں تم اِس کے لئے جدّوجہد جاری رکھو وہ ایمان جنہیں خُدا نے
اپنے مقدّس لوگوں کو ایک ہی بار دے چکا ہے ۔ ۴ کچھ لوگ
تُمہارے گروہ میں خفیہ طور سے داخل ہو گئے ہیں جنکے بارے میں
بہت پہلے ہی نبیوں نے لکھ دیا تھا کہ وہ برائیوں کے کرتے رہنے
سے قصوروار ہیں وہ خُدا کے خلاف ہیں اور ایسے لوگ بُرے کام
کرنے کے لئے خُدا کے فضل کا ناجائز فائدہ اُٹھاتے ہیں ایسے لوگ
یسوع مسیح کو قبول کرنے سے انکار کرتے ہیں جو ہمارا واحد مالک
اور خُداوند ہے۔
۵ میں پہلے تُمہاری مدد کرنا چاہتا ہوں یہ یاد دلانے کے لئے کہ
سب کچھ تم جانتے ہی ہو تم یاد کرو کہ خُداوند نے اپنے لوگوں کو
سر زمین مصر سے نکال کر انہیں بچایا تھا اس کے بعد خُداوند نے
ان لوگوں کو تباہ کر دیا جو ایمان نہیں لائے۔ ۶ اور تم یاد کرو ان
فرشتوں کو جنکے پاس اقتدار تھا اور وہ اُسے قائم نہیں رکھ سکے انہوں
نے اپنا مقام چھوڑ دیا اِس لئے خُداوند نے ان فرشتوں کو اندھیرے
ہی میں رکھا اور انہیں ہمیشہ کے لئے قید میں زنجیروں سے باندھ
دیا اُن کو اِس لئے رکھا گیا ہے کہ روزِ آخر اُن کا فیصلہ کیا جائے گا۔
۷ اور سدوم اور عمورہ کے شہروں کو اوران کے اطراف کے
شہروں کو ہی یاد کرو وہ لوگ ان فرشتوں کے مانند ہیں۔ اُن شہروں
میں بے انتہا حرامکاری اور گناہ ہوئے تھے اور وہ ہمیشہ کے لئے آگ
کی سزا کے عذاب میں پھینکے گئے جو ہمارے لئے مثال ہے۔
۸ اِسی طرح وہ لوگ جو تُمہارے گروہ میں شامل ہوئے اور
خوابوں کی دُنیا میں رہ کر اپنے آپ کو گندا بنالئے ہیں اُن لوگوں نے
خُدا کے اقتدار کو رد کیا اور جلالی فرشتوں کی بے عزّتی کی۔ ۹ حتیٰ
کہ مقرّب فرشتہ میکائیل نے بھی شیطان کے ساتھ بحث کی کہ
موسیٰ کی لاش کو کون رکھے گا اور اِسی طرح لعن طعن کرنے میں
شیطان پر نالش کرنے کی جراءت نہ کی لیکن اتنا کہا کہ ”خُداوند
شاید تجھے سزا دے۔“ ۱۰ لیکن سارے لوگ جو یہ باتیں نہیں
جانتے اس پر صرف تنقید کرتے ہیں وہ تھوڑا بہت جانتے ہیں بلکہ
اپنی عقل سے نہیں جانتے بلکہ وہ حیوانی عقل جانوروں کی طرح جو
سوچ نہیں سکتا ان چیزوں کو سمجھتے ہیں اور یہی چیزیں انہیں تباہ
کرتی ہیں۔ ۱۱ افسوس ان کے لئے بڑی خرابی ہے یہ لوگ قائن
کے راستے پر چلتے ہیں صرف دولت کے لئے انہوں نے ان غلط
راستوں کو اختیار کیا ہے جو بلعام نے اختیار کیا تھا یہ لوگ قورح کی
مانند ہیں جو خُدا کے مخالف میں لڑا تھا اور وہ تباہ ہوں گے۔ ۱۲ یہ
لوگ تُمہاری محبّت کی ضیافتوں میں تُمہارے ساتھ کھاتے پیتے
وقت گویا پوشیدہ چٹانیں ہیں وہ لوگ بے دھڑک تُمہارے ساتھ
کھاتے پیتے ہیں۔ مگر انہیں صرف اپنی ہی فکر رہتی ہے وہ بغیر پانی
کے بادل ہیں وہ پت جھڑ کے ایسے درخت ہیں جن پر پھل نہیں ہو
تا وہ دونوں طرح سے مردہ اور جڑ سے اکھڑے ہوئے پیڑ ہیں۔ ۱۳

وہ سمندر کی ایسی بھیانک لہروں کی مانند ہیں جو اپنی بے شرمی
کی کاموں سے جھاگ اچھالتی ہیں وہ ایسے بھٹکنے والے ستارے ہیں
جن میں ہمیشہ تاریکی ہے۔ ۱۴ جنوک نے جو آدم کی ساتویں اولاد
میں سے تھا ان لوگوں کے متعلق کہہ چکا ہے۔ "دیکھو خُداوند اپنے
لاکھوں مقدّس فرشتوں کے ساتھ آرہا ہے۔ ۱۵ خُداوند سب
لوگوں کا فیصلہ کرنے کے لئے آ رہا ہے اور وہ ان لوگوں کو
سزادے گا جو اس کے مخالف ہیں اور جو بھی انہوں نے خُدا کے
خلاف کیا ہے اور خُدا ان گنہگاروں کو جنہوں نے خُدا کے خلاف
سخت الفاظ کہے ہیں سزادے گا۔"
۱۶ یہ لوگ ہمیشہ دوسروں کے متعلق شکائت کرتے اور
ہمیشہ ان میں غلطیوں کو تلاش کرتے ہیں وہ ہمیشہ ویسے ہی بُرے
کام کرتے ہیں جیسا وہ چاہتے ہیں اور اپنے منُہ سے بے وجود اور
غرور کی باتیں کہتے ہیں۔ وہ دوُسروں کی تعریف کرتے ہیں تا کہ وہ
جو چاہتے ہیں اس سے مل جائے۔

## کاموں کے کرنے کے لئے تنبیہ

۱۷ لیکن عزیز دوستو! ان الفاظ کو یاد کرو کہ جب خُداوند
یسوع مسیح کے رسولوں نے پہلے ہم سے کیا کہا ہے۔ ۱۸ رسولوں
نے تم سے کہا "کہ آخر زمانہ میں لوگ خُدا کے تعلق سے مذاق اڑائیں
گے" اور اپنی مرضی کے مطابق کریں گے اور خُدا کی مرضی کے
خلاف کریں گے۔ ۱۹ یہ لوگ تم میں پھوٹ ڈال کر تمہیں الگ
الگ کریں گے یہ لوگ اپنے گناہوں کے غلام ہیں ان کو مُقدّس روح
نہیں ہے۔
۲۰ لیکن تم عزیزو دوستو اپنے مقدس ایمان میں رہ کر ایک
دوسرے کو طاقتور بناؤ اور مقدس روح کے ساتھ دعا کرو۔ ۲۱ اپنے
آپ کو ہمیشہ خُدا کی محبت میں رکھو اور انتظار کرو کہ خُداوند یسوع
مسیح اپنے رحم سے تُمہیں ہمیشہ کی زندگی دے۔
۲۲ جو لوگ شک وشبہ میں ہیں ان پر رحم کرو۔ ۲۳ تُمہیں
آگے بڑھ کر دوسروں کو بچانا ہے انکو آگ میں سے نکالنا ہو گا لیکن
جیسا تم دوسروں کی مدد کرو تو اس وقت ہوشیار رہو حتیٰ کہ ان کے
کپڑوں سے بھی جن پر گناہوں کے دھبّے لگے ہیں نفرت کرو۔

## خُدا کی حمد

۲۴ وہ جو طاقتور ہے جو تُمہیں گرنے سے بچا سکتا ہے اور
اپنے جلال سے تُمہیں خُوشی نواز سکتا ہے بغیر کسی قصور کے۔ ۲۵
صرف وہی خُدا ہے وہ ہمارا نجات دہندہ ہے۔ جلال عظمت
، بڑائی، طاقت اور اقتدار اسی کے لئے ہے ہمارے یسوع مسیح اور
خُداوند کے ذریعہ ہر وقت ماضی میں اور اب ہمیشہ کے لئے بھی
رہے (آمین)۔

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**
- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from: http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from: http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html